اور ہمیشہ جنت مین رہوگے اور اگر شیطان یہ پھل نہ کھانے دیگا تو تمکو جنت سے نکالیگا اور قسم کھا کے بیان کیا کہ مین تمھارا خیرخواہ ہون لیکن آدم علیہ السلام نے اُسکی بات مان لی کر

[illegible]

وَاَقُلْ لَّكُمَآ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ○ قَالَا
اور تمکو یہ جتا نہ دیا تھا کہ شیطان تمہارا کھلا دشمن ہے دونو نے عرض کی
رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا سكته وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا
کہ اے پروردگار ہمنے اپنے اوپر ظلم کیا اور اگر تو بخش نہ دیگا اور رحم نہ کریگا تو ہم
لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ○ قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ
ضرور نقصان اٹھانیوالون مین ہوجائینگے فرمایا نکل جاؤ تم ایک دوسرے کے
لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ج وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّ
دشمن ہوگے اور وقت مقرر تک زمین ہی مین تمھارے لئے جاے قرار ہے اور
مَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ○ قَالَ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَفِيْهَا تَمُوْتُوْنَ
وہین سرمایہ حیات (یہ بھی) فرمایا کہ اُسی مین تم جیوگے اور اُسی مین مروگے
وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ○ ع يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ ع ۲ ۱۵
اور اُسی (جزا و سزا کے لئے) تم نکال کھڑے کئے جاؤگے - اے اولاد آدم ہمنے تمپر لباس نازل کیا
لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ط وَلِبَاسُ التَّقْوٰى
کہ تمھاری پردہ پوشی کرے اور زینت ہو اور لباس تقوے
ذٰلِكَ خَيْرٌ ط ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ○
وہ تو سب سے بہتر ہے یہ (لباس نازل کرنا) اُسکی نشانیون سے ہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کرین
يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ
اے اولاد آدم شیطان تمکو فتنہ مین نہ ڈالے جیسا کہ اُسنے تمھارے والدین
اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا
کو جنت سے نکالا اور اُنکا لباس اُتروالیا کہ اُنکے ستر
سَوْاٰتِهِمَا ط اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ
ظاہر کردے بیشک وہ اور اُسکا لشکر تمکو ایسی جگہ سے دیکھتا رہتا ہے جہاں سے تم

[illegible] ۱۲ ؎۳ هُوَ وَقَبِيلُهٗ یعنی شیطان اور اُسکا لشکر ۱۲

منزل ۲

لَا تَرَوْنَهُمْ ۗ اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ لِلَّذِيْنَ

اُنکو نہین دیکھتے (مگر) ہمنے شیاطین کو اُنہی کا ہمدم مقرر کیا ہے جو

لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَاِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا

ایمان نہین رکھتے اور جسوقت وہ کوئی بدی کرتے ہین تو کہتے ہین کہ ہمنے تو اپنے

عَلَيْهَآ اٰبَآءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ۗ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ

باپ دادا کو یہی کرتے پایا ہے اور اللہ نے ہمکو اسی کا حکم دیا ہے تم یہ کہدو کہ اللہ یقینًا

لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ۗ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا

بیحیائی کی باتون کا حکم نہین دیتا کیا تم اللہ کے برخلاف وہ کچھ کہتے ہو جو

لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ قُلْ اَمَرَ رَبِّيْ بِالْقِسْطِ ۗ وَاَقِيْمُوْا

تم نہین جانتے تم کہدو کہ میرے پروردگار نے تو عدالت کا حکم دیا ہے اور یہ کہ ہر نماز

وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ

کے وقت (قبلہ کی طرف) اپنے رُخ کرو اور دین کو اُسی کے لئے خالص سمجھکر اُس سے

لَهُ الدِّيْنَ ۬ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ۝ فَرِيْقًا

دعا مانگو جیسا اُسنے اوّل مین تمکو پیدا کیا تھا ویسے ہی اُسکے حضور مین پلٹ کر جاؤگے ایک گروہ کو تو

هَدٰى وَفَرِيْقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ۗ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا

اُسنے ہدایت کی اور ایک گروہ اس حال مین ہے کہ اُنپر گمراہی ثابت ہو گئی بیشک اُنہون نے خدا کو

الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَيَحْسَبُوْنَ

چھوڑکر شیاطین کو اپنا یار بنالیا ہے اور گمان یہ کرتے ہین کہ

اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ

ہم ہدایت یافتہ ہین اے اولاد آدمؑ ہر نماز کے وقت زینت کرو

عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ

اور کھاؤ اور پیو اور فضول خرچی نہ کرو

بڑھتی ہے بال خوبصورت ہوتے ہین حاجت برآری ہوتی ہے قوت باہ بڑھتی ہے نزلہ دور ہوتا ہی اور جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ دونو رخسارون پر کنگھے کو

ع ٣

إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِينَ ۝ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِينَةَ اللَّهِ
بیشک خدا تعالے فضول خرچی کرنیوالون کو دوست نہین رکھتا۔ تم کہدو کہ خدا کی زینت کو جو اسنے

الَّتِي أَخْرَجَ لِعِبَادِهِ وَالطَّيِّبَاتِ مِنَ الرِّزْقِ ۚ قُلْ هِيَ
اپنے بندون کے لئے پیدا کی ہے اور رزق کی پاک چیزون کو حرام کسنے کیا ہے تم کہدو کہ جو لوگ

لِلَّذِينَ آمَنُوا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَوْمَ
زندگانی دنیا مین ایمان لائے ہین قیامت کے دن یہ نعمتین خاص طور پر انہی کے

الْقِيَامَةِ ۗ كَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝
لے ہونگی سمجھنے والون کے لئے ہم اس طرح اپنی آیتون کی تفصیل کردیتے ہین

قُلْ إِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا
تم کہدو کہ میرے رب نے بیحیائی کی باتون کو وہ کھلی ہون تو اور چھپی ہون تو

وَمَا بَطَنَ وَالْإِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَأَنْ تُشْرِكُوا
حرام کیا ہے اور گناہ کو اور ناحق کی بغاوت کو اور اس بات کو کہ تم خدا کا

بِاللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا وَأَنْ تَقُولُوا عَلَى اللَّهِ مَا
شریک مقرر کرلو جسکے متعلق خدا نے کوئی حجت (سند) نہین اُتاری اور اس بات کو کہ خدا کے خلاف

لَا تَعْلَمُونَ ۝ وَلِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ ۖ فَإِذَا جَاءَ
وہ کچھ کہدو جو تم نہین جانتے (حرام قرار دیا ہے) اور ہر گروہ کے لئے ایک وقت مقرر ہے پس جب انکا وقت آجائیگا

أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً ۖ وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ۝
تو وہ ایک ساعت کے لئے نہ پیچھے رہینگے اور نہ آگے بڑھینگے

يَا بَنِي آدَمَ إِمَّا يَأْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِنْكُمْ يَقُصُّونَ
اے اولاد آدم تمہارے پاس تمہارے ہمجنس رسول ضرور آئینگے جو میری آیتین تمکو پڑھکر

عَلَيْكُمْ آيَاتِي ۙ فَمَنِ اتَّقَىٰ وَأَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ
سنائینگے پس جو تقوے اور نیکی اختیار کرینگے انپر نہ کوئی خوف طاری ہوگا

خدا کو منہ کرینگے جنسے مراد ہیں مولوی۔ تفسیر۔ اور تفسیر مجمع البیان میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ یہاں دین سے کو گم حال یعنی ائمہ جو

[illegible]

وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ○ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا

اور نہ وہ رنج اٹھائینگے اور جو ہماری آیتون کو جھٹلا دینگے

وَاسْتَكْبَرُوا عَنْهَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا

اور بروے تکبر انکو نہ مانینگے جہنمی وہی ہین جن مین وہ ہمیشہ

خَالِدُونَ ○ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا

رہنے والے ہونگے اور اُنسے زیادہ ظالم کون ہوگا جو اللہ کے ذمہ جھوٹ بہتان باندھے

أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ أُولَٰئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيبُهُمْ مِنَ

یا اسکی آیتون کو جھٹلائے یہی وہ ہین جنکا لکھا ہوا حصہ انکو پہنچیگا

الْكِتَابِ حَتَّىٰ إِذَا جَاءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ قَالُوا

یہانتک کہ جسوقت ہمارے بھیجے ہوے انکے پاس پہنچکر انکا فیصلہ کرینگے اُنسے (یہ بھی)

أَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ قَالُوا ضَلُّوا

کہینگے کہ اللہ کے سوا تم جنکو پکارا کرتے تھے وہ اب کہان ہین تو وہ کہینگے کہ وہ توہمسے غائب

عَنَّا وَشَهِدُوا عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ أَنَّهُمْ كَانُوا كَافِرِينَ ○

ہوگئے اور اپنی ذات کی نسبت گواہی دینگے کہ بیشک ہم کافر تھے

قَالَ ادْخُلُوا فِي أُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِنَ الْجِنِّ

(خدا تعالے) فرمائیگا کہ تم (بھی) انھی امتون مین داخل ہوجاؤ جو جنون اور آدمیون مین سے تم سے

وَالْإِنْسِ فِي النَّارِ كُلَّمَا دَخَلَتْ أُمَّةٌ لَعَنَتْ أُخْتَهَا

پہلے آتش جہنم مین جاچکین جسوقت کوئی گروہ داخل ہوگا وہ اپنے ہمجنس گروہ کو لعنت کریگا

حَتَّىٰ إِذَا ادَّارَكُوا فِيهَا جَمِيعًا قَالَتْ أُخْرَاهُمْ لِأُولَاهُمْ

یہانتک کہ جب سب اُسمین جمع ہوجائینگے تو پچھلے پہلون کی نسبت یہ عرض کرینگے کہ

رَبَّنَا هَٰؤُلَاءِ أَضَلُّونَا فَآتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِنَ النَّارِ

اے ہمارے پروردگار ہمکو تو انہون نے گمراہ کیا پس انکو آتش جہنم کا دوگنا عذاب دے

ربع

لہ رسلنا یہان رسلنا سے مراد ملک الموت اور انکے اعوان ہین ۱۲ سلہ کلما دخلت امۃ لعنت اختہا کافی مین جناب امام محمد باقر

[illegible]

قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَقَالَتْ اُوْلٰىهُمْ
(خدا فرمائیگا) کہ ہر ایک کے لیے دوگنا (ہی) لیکن تم سمجھتے ہی نہیں اور پہلے پچھلوں سے
لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوْقُوا
کہینگے کہ اب تمکو ہمپر کیا فضیلت رہی اب تم (بھی)
الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا
اپنے کیئے کا عذاب چکھو بیشک جنہوں نے ہماری آیتوں کو
بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ
جھٹلایا اور بروئے تکبر اُنسے اعراض کیا نہ اُنکے لیے آسمان کے دروازے کھولے جائینگے
وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ
اور نہ وہ جنت مین داخل ہونگے جبتک کہ اونٹ سوئی کے ناکے سے نہ گزر جائے
وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِيْنَ ۝ لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ
اور ہم مجرموں کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہین جہنم مین اُنکے لیے بچھونا (بھی) ہے
وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ۝
اور اوپر اوڑھنے کی چیزین (بھی) اور ہم ظالموں کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہین
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا
اور جو لوگ ایمان لائے ہین اور نیکوکار ہین حالانکہ ہم کسی نفس کو اُسکی حد وسعت سے زیادہ
اِلَّا وُسْعَهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيْهَا
تکلیف نہین دیتے وہی جنتی ہین جس مین وہ ہمیشہ
خٰلِدُوْنَ ۝ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ
رہنے والے ہونگے اور اُنکے سینوں کو ہم کینہ سے پاک کر دینگے
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ
نہرین اُنکے نیچے بہتی ہونگی اور وہ یہ کہتے ہونگے کہ سب تعریف اُس اللہ کیلئے ہی جسنے

ع ۵
۱۱

حاشیہ: ...کہینگے وہ کہینگے الحمد للہ الذی ہدانا لہذا مطلب یہ ہے کہ ہمکو جناب امیر المومنین اور ائمہ کی ہدایت قبول کرنیکی توفیق ملی ...

حاشیہ: حتی یلج الجمل فی سم الخیاط لفظی معنی جبتک اونٹ سوئی کے ناکے مین در آئے مطلب یہ ہے کہ جیسے وہ ناممکن ہے ایسے ہی ...

هَدٰىنَا لِهٰذَا ۟ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا

ہمکو اس جگہ تک پہنچایا اور اگر اللہ ہمارا رہبر نہوتا تو ہم راہ نہ پاتے

اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۭ وَنُوْدُوْٓا اَنْ

بیشک ہمارے پروردگار کے برحق رسول ہمارے پاس آئے اور اسوقت انکو آواز

تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ وَ

دی جائیگی کہ بوجہ اُن اعمال کے جو تم کیا کرتے تھے اس جنت کے تم وارث کیے گئے اور

نَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ وَجَدْنَا

جنت والے جہنم والوں سے پکار کر پوچھینگے کہ ہمارے پروردگار نے ہمسے جو وعدہ

مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ

کیا تھا ہمنے تو اُسے ٹھیک پایا پس تمہارے پروردگار نے جو وعدہ کیا تھا آیا تمنے بھی اُسے

حَقًّا ۭ قَالُوْا نَعَمْ ۚ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ

ٹھیک پایا وہ جواب دینگے ہاں پھر ایک آواز دینے والا اُنکے مابین آواز دیگا کہ ظالموں پر

عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

خدا کی لعنت ہو جو راہ خدا سے روکتے تھے

وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ كٰفِرُوْنَ ۝ وَبَيْنَهُمَا

اور اُسی کی کجی کے خواستگار تھے اور وہی آخرت سے منکر تھے اور ان دونوں گروہوں کے

حِجَابٌ ۚ وَعَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ كُلًّۢا

مابین آڑ ہوگی اور اُسکی بلندیوں پر ایسے لوگ ہونگے جو ہر ایک کو اُنکی پیشانیوں سے پہچانتے

بِسِيْمٰىهُمْ ۚ وَنَادَوْا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ

ہونگے اور وہ جنت والوں کو آواز دیکر یہ کہینگے کہ تم پر سلام ہو

لَمْ يَدْخُلُوْهَا وَهُمْ يَطْمَعُوْنَ ۝ وَاِذَا صُرِفَتْ

وہ خود ابھی اسمیں نہ پہنچے ہونگے حالانکہ راغب ہونگے اور جسوقت اُنکی نظر

أَبْصَارُهُمْ تِلْقَاءَ أَصْحَابِ النَّارِ قَالُوا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا

جہنم والون کی طرف پھریگی تو عرض کرینگے کہ اے ہمارے پروردگار ہمکو

مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝ وَنَادَىٰ أَصْحَابُ الْأَعْرَافِ ع ۸ ۱۲

ظالم لوگون کے ساتھ نہ رکھیو اور مالکان اعراف (سرداران کفار میں سے) بعض لوگون کو

رِجَالًا يَعْرِفُونَهُمْ بِسِيمَاهُمْ قَالُوا مَا أَغْنَىٰ عَنْكُمْ

پکارینگے جنکو وہ اُنکی پیشانیون سے پہچانتے ہونگے اور یہ کہینگے کہ نہ تمہارے جتھے نے کچھ کام دیا

جَمْعُكُمْ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُونَ ۝ أَهَٰؤُلَاءِ الَّذِينَ

اور نہ اُن چیزون نے جنپر تم گھمنڈ کیا کرتے تھے (کیا گنہگار شیعون کی طرف اشارہ کرکے اُن کفار سے دریافت

أَقْسَمْتُمْ لَا يَنَالُهُمُ اللَّهُ بِرَحْمَةٍ ۚ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ

کرینگے کہ) کیا یہی ہین وہ جنکی نسبت تم قسم کھا کر کہا کرتے تھے کہ انپر اللہ رحمت نہ کریگا (پھر اُن شیعون کی طرف متوجہ ہوکر فرمائینگے)

لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلَا أَنْتُمْ تَحْزَنُونَ ۝ وَنَادَىٰ

تم جنت میں جاؤ تمپر کوئی خوف نہیں ہے اور نہ تم رنجیدہ ہوگے اور جہنم والے

أَصْحَابُ النَّارِ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ أَنْ أَفِيضُوا عَلَيْنَا

جنت والون سے پکار کر کہینگے کہ تھوڑا سا پانی اور کچھ وہ چیزین جو اللہ نے

مِنَ الْمَاءِ أَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ ۚ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ حَرَّمَهُمَا

تمکو عنایت کی ہین ہمپر (بھی) اُنڈیلدو (وہ) جواب دینگے کہ اللہ نے یہ دونو چیزین اُن

عَلَى الْكَافِرِينَ ۝ الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَهُمْ لَهْوًا وَّ

کافرون پر حرام کردی ہین جنہون نے اُسکے دین کو کھیل کود بنایا تھا

لَعِبًا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ نَنْسَاهُمْ

اور زندگانی دنیا نے اُنکو دھوکا دیا تھا (ارشاد باری ہوگا) بس آج کے دن

كَمَا نَسُوا لِقَاءَ يَوْمِهِمْ هَٰذَا وَمَا كَانُوا بِآيَاتِنَا

ہم (بھی) اُنکو ایسا ہی بھلادینگے جیسا کہ وہ اس دن کے آنیکو بھولے ہوئے تھے اور جیسا کہ وہ ہماری نشانیون کو

يَجْحَدُوْنَ ۝ وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ

انکار کیا کرتے تھے اور بیشک ہمنے انکو ایک ایسی کتاب دی ہے جسکی تفصیل ہمنے جانچ کر کی ہو

هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ هَلْ يَنْظُرُوْنَ

در آنحالیکہ وہ ایمان لانیوالے لوگون کے لئے ہدایت و رحمت ہے کیا وہ صرف اُسکے انجام کے

اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ؕ يَوْمَ يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ

منتظر ہین؟ جسدن اُسکا انجام ظاہر ہو جائیگا تو جو اسکو پہلے سے بھولے ہوے تھے

مِنْ قَبْلُ قَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ فَهَلْ لَّنَا

وہ یہ کہینگے کہ بیشک ہمارے پروردگار کے رسول حق لیکر آئے تھے پھر اب ہمارے بھی کوئی

مِنْ شُفَعَآءَ فَيَشْفَعُوْا لَنَآ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ

شفاعت کرنیوالے ہین جو ہماری شفاعت کرین یا ہم واپس بھیجدیے جائین کہ جیسے عمل (بد) ہم کیا کرتے

كُنَّا نَعْمَلُ ؕ قَدْ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا

تھے اُنکے برخلاف (نیک) عمل کرین بیشک اُنہون نے اپنے آپ کو بڑا نقصان پہنچایا اور جو افترا پردازیان وہ

عٓ ۶
١٣

كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

کیا کرتے تھے وہ سب اُنکے ہاتھ سے نکل گئین۔ بیشک تمہارا پروردگار وہ اللہ ہے جسنے آسمانون کو اور

وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۟

زمین کو چھ دن مین پیدا کیا پھر عرش پر (اُسکا حکم) غالب آیا (بقیہ)

يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَ

رات کو دن سے ڈھانپ دیتا ہے جو تیزی سے اُسکے پیچھے چلا آتا ہے اور (اُسی نے) سورج اور

الْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ

چاند اور ستارون کو اس شان سے پیدا کیا کہ اُسکے حکم کے تابع ہین آگاہ رہو کہ بنانا اور حکم دینا

وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ

اُسی کا کام ہے اللہ کل عالمون کا پرورش کرنیوالا صاحب برکت ہے تم اپنے پروردگار سے گڑگڑا کر اور

لہ الخلق والامر خلق سے مراد عالم اجسام اور آمر سے مراد عالم ارواح ہے ١٢

تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝ وَلَا

چپکے چپکے دعا مانگا کرو بیشک وہ تجاوز کرنیوالون کو دوست نہین رکھتا اور

تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ

زمین مین بعد اُسکی اصلاح کے فساد مت کرو اور خدا سے امید وبیم

خَوْفًا وَّطَمَعًا ۭ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ

کے ساتھ دعا مانگو بیشک رحمت خدا نیکی کرنیوالون سے قریب

الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ

ہے اور وہ وہی ہے جو اپنی رحمت (بارش) سے پہلے خوشخبری دینے کے لئے

بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۭ حَتّٰٓي اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا

ہوا کو بھیجدیتا ہے یہانتک کہ جب وہ بھرے ہوے بادلون کو لے آتی ہے تو ہم

سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَاۗءَ فَاَخْرَجْنَا

اُنکو مردہ زمینون کی طرف لیجاتے ہین پھر اُن مین سے پانی اُتارتے ہین پھر اُسکے ذریعہ سے

بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۭ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ

ہر قسم کے پھل پیدا کردیتے ہین اسی طرح ہم مُردون کو (بھی) زندہ کرینگے تاکہ تم

تَذَكَّرُوْنَ ۝ وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ

یاد رکھو اور عمدہ زمین کی نباتات تو حکم خدا سے خوب اُگتی ہے

رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِيْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ۭ كَذٰلِكَ

اور جو زمین ناکارہ ہوتی ہے اسمین سے کچھ نہین اُگتا مگر اگا دُگا ہم اسی طرح

نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ ۝ لَقَدْ اَرْسَلْنَا ع ۵ ۱۴

شکر کرنیوالون کے لئے آیات کا اُلٹ پھیر کیا کرتے ہین بیشک ہمنے نوح کو اُنکی

نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ

قوم کی طرف بھیجا پس اُنہون نے یہ فرمایا کہ اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو کہ اُسکے سوا تمھارا

مِنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝

اور کوئی معبود نہیں ہے میں ضرور تمھارے لئے بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں

قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝

اُنکی قوم کے شرفا نے یہ کہدیا کہ ہم تو آپ ہی کو کھلی گمراہی میں دیکھتے ہیں

قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ

حضرت نوحؑ نے فرمایا کہ اے میری قوم مجھ میں گمراہی (ذرہ بھر بھی) نہیں ہے بلکہ میں تو پروردگا

رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنْصَحُ

کی طرف سے بھیجا ہوا ہوں تمکو اپنے پروردگار کے پیغام پہنچاتا ہوں اور تمھاری ہی خیر خواہی

لَكُمْ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ اَوَعَجِبْتُمْ

کرتا ہوں اور اللہ کی طرف سے وہ کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔ کیا تمھیں اس سے تعجب ہوا

اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ

کہ تمھارے رب کی طرف سے نصیحت تمھیں میں سے ایک مرد پر نازل ہوئی

لِيُنْذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوْا وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝

تاکہ وہ تمکو ڈرائے اور تم متقی ہو جاؤ اور تاکہ تم پر رحم کیا جائے

فَكَذَّبُوْهُ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَ

پس اُنہوں نے اُنکو جھٹلایا اور ہمنے خود اُنکو اور کشتی میں جو اُنکے ساتھ تھے اُنکو نجات دیدی اور

اَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا

جو لوگ ہماری آیتوں کو جھٹلایا کرتے تھے اُنکو ہمنے غرق کردیا بیشک وہ لوگ کور باطن

ع ۸ ۱۵ عَمِيْنَ ۝ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ

تھے اور عاد کی طرف ہمنے اُنہیں کے ہم قوم ہودؑ کو بھیجا اُنہوں نے کہا کہ اے میری

اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝

اللہ کی عبادت کرو کہ اُسکے سوا تمھارا کوئی معبود نہیں ہے کیا تم (عذاب خدا سے) نہیں ڈرتے

[illegible]

قَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن قَوْمِهِ إِنَّا لَنَرَاكَ فِي

اُنکی قوم میں سے جو کافر تھے اُن میں سے بڑوں نے کہا ہم تو تمکو تمہیں نادانی

سَفَاهَةٍ وَإِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكَاذِبِينَ ۝ قَالَ يَا قَوْمِ

میں دیکھتے ہیں اور بیشک ہم تمکو جھوٹوں میں سے گمان کرتے ہیں (انہوں نے) فرمایا کہ اے میری

لَيْسَ بِي سَفَاهَةٌ وَلَٰكِنِّي رَسُولٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِينَ ۝

قوم مجھ میں ذرہ بھر نادانی نہیں ہے بلکہ میں تو پروردگار عالم کی طرف سے رسول ہوں

أُبَلِّغُكُمْ رِسَالَاتِ رَبِّي وَأَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ أَمِينٌ ۝

اپنے پروردگار کے پیغام تمکو پہنچاتا ہوں اور تمہارا معتبر خیر خواہ ہوں

أَوَعَجِبْتُمْ أَن جَاءَكُمْ ذِكْرٌ مِّن رَّبِّكُمْ عَلَىٰ رَجُلٍ

کیا تمکو اس سے تعجب ہوا کہ تمہارے رب کی طرف سے نصیحت تمہیں میں سے ایک شخص پر

مِّنكُمْ لِيُنذِرَكُمْ ۚ وَاذْكُرُوا إِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاءَ

نازل ہوئی کہ وہ تمکو ڈرائے اور تم یاد کرو جبکہ خدا نے بعد قوم نوح کے تمکو زمین

مِن بَعْدِ قَوْمِ نُوحٍ وَزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَسْطَةً ۖ

کا خلیفہ بنایا ہے اور اپنی مخلوق میں تمکو قوت اور قامت میں زیادہ کیا ہے

فَاذْكُرُوا آلَاءَ اللَّهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝ قَالُوا أَجِئْتَنَا

پس خدا کی نعمتوں کو یاد کرتے رہو تاکہ تم فلاح پاؤ (انہوں نے) کہا کیا تم اس لئے

لِنَعْبُدَ اللَّهَ وَحْدَهُ وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ آبَاؤُنَا ۖ

ہمارے پاس آئے ہو کہ ہم ایک خدا کی (تو) عبادت کریں اور جنکی ہمارے باپ دادا عبادت کیا کرتے تھے انکو چھوڑ دیں

فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ۝ قَالَ

(جاؤ) اگر تم سچے ہو تو جس عذاب کا ہمسے وعدہ کرتے ہو اُسے لے آؤ (حضرت ہودؑ نے) فرمایا

قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُم مِّن رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَغَضَبٌ ۖ

کہ بس تمہارے پروردگار کی طرف سے عذاب اور غضب (تو) آچکا ہے

[illegible] ... آلاء اللہ ... امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ ان حضرت سے کسی نے دریافت کیا ... نعمت خدا کیا مراد ہے آپ نے عرض کی نہیں۔ فرمایا سب سے بڑی نعمت جو خدا نے اپنی مخلوق کو عنایت کی وہ ہماری ولایت ہے ۱۲

اَتُجَادِلُوْنَنِيْ فِيْٓ اَسْمَآءٍ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ
کیا تم مجھسے ایسی چیزون کے بارے مین جھگڑتے ہو جنکو تمنے اور تمھارے باپ داوانے خود سے نام رکھ لیا
مَّا نَزَّلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ۭ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ
(اور) کا اللہ نے انکے متعلق کوئی دلیل نازل نہین کی لہٰذا تم (عذاب کے) منتظر رہو مین بھی تمھارے
مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ۝ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ
ساتھ انتظار کرنیوالون مین سے ہون پس بچنے (خود) انکو اور جو انکے ساتھ تھے انکو اپنی رحمت سے نجات دی
مِّنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَمَا
اور جو ہماری آیتون کو جھٹلایا کرتے تھے اور مومن نہ تھے
كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ
انکی جڑ نسل قطع کردی اور قوم ثمود کی طرف ہمنے انکے بھائی صالح کو بھیجا تھا
قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ
انہون نے یہ کہا کہ اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو جسکے سوا تمھارا کوئی معبود نہین ہے
قَدْ جَاۗءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۭ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ
تمھارے پروردگار کی طرف سے تمھارے پاس کھلا معجزہ آیا ہے یہ اللہ کی اونٹنی تمھارے
لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا
لئے ایک نشانی ہے اسے چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین مین چرتی پھرے اور اسے بری
تَمَسُّوْهَا بِسُوْۗءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝
طرح نہ چھونا (یعنی تکلیف نہ پہنچانا) ورنہ تمکو دردناک عذاب آلیگا
وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاۗءَ مِنْۢ بَعْدِ عَادٍ وَّ
اور اسکو یاد رکھو کہ قوم عاد کے بعد (خدانے) تمکو مالک بنایا ہے اور تمکو
بَوَّاَكُمْ فِي الْاَرْضِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْ سُهُوْلِهَا قُصُوْرًا
اس زمین مین آباد کیا ہے کہ نرم زمینون مین تم محل بناتے ہو

اضافت دی گئی کہ بلا واسطہ (نر و مادہ کے) پیدا کی گئی تھی اور اسلئے خدا کی ایک نشانی تھی ۱۲

وَتَنْحِتُونَ الْجِبَالَ بُيُوتًا ۚ فَاذْكُرُوا آلَاءَ اللّٰهِ وَلَا

اور پہاڑون کو کاٹ کاٹ کے تم مکان بناتے ہو تو اب اللہ کی نعمتون کو یاد کرتے رہو اور

تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ۝ قَالَ الْمَلَأُ

زمین مین فساد مت کرو انکی قوم مین سے جو

الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا مِنْ قَوْمِهٖ لِلَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا

بڑے بڑے تھے انکے سردارون نے ان کمزور لوگون سے جو

لِمَنْ آمَنَ مِنْهُمْ أَتَعْلَمُونَ أَنَّ صٰلِحًا مُّرْسَلٌ

ایمان لائے تھے کہا کیا تم یہ جانتے ہو کہ صالح خدا کی طرف سے بھیجا ہوا

مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ قَالُوا إِنَّا بِمَا أُرْسِلَ بِهٖ مُؤْمِنُونَ ۝

رسول ہے (انہون نے) کہا کہ جو کچھ یہ لیکر آئے ہین ہم تو اسپر بالیقین ایمان رکھتے ہین

قَالَ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا بِالَّذِي آمَنْتُمْ بِهٖ

متکبرین نے کہا کہ تم جسپر ایمان رکھتے ہو ہم اسکے بالیقین

كٰفِرُونَ ۝ فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَعَتَوْا عَنْ أَمْرِ رَبِّهِمْ

منکر ہین پھر انہون نے اونٹنی کو بے کر دیا اور اپنے پروردگار کے حکم سے

وَقَالُوا يٰصٰلِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِنْ كُنْتَ مِنَ

سرکشی کی اور یہ کہدیا کہ اے صالح اگر تم رسولون مین سے ہو تو جس (عذاب) کا تم ہم سے وعدہ

الْمُرْسَلِينَ ۝ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوا فِي

کرتے ہو اسے لے آؤ آخر زلزلہ نے انکو آلیا اور وہ اپنے گھرون مین

دَارِهِمْ جٰثِمِينَ ۝ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ

(بیٹھے کے بیٹھے) رہ گئے اور حضرت صالح انسے رو گردان ہوئے اور یہ فرمایا کہ اے میری

لَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّي وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلٰكِنْ

قوم مین نے تو اپنے پروردگار کا پیغام تمکو پہنچادیا تھا اور تمکو نصیحت کردی تھی ولیکن

لَا تُحِبُّوْنَ النّٰصِحِيْنَ ۝ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ

تم نصیحت کرنیوالونکو دوست نہین رکھتے اور ہمنے لوط کو بھیجا تو اُنہون نے اپنی قوم سے کہا کہ

اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ

کیا تم ایسی بدی کرتے ہو کہ ویسی بدی تمام عالم مین کسی نے

مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً

نہ کی بیشک تم عورتون کو چھوڑ کر مردون کے ساتھ

مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ۝

شہوت رانی کرتے ہو تم ضرور حد سے گزرجانے والے لوگون مین سے ہو

وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْهُمْ

اور اُنکی قوم کا کوئی جواب نہ تھا سوائے اسکے کہ یہ کہنے لگے کہ انکو اپنے گاؤن

مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ۝ فَاَنْجَيْنٰهُ

سے نکالدو اس لئے کہ یہ وہ لوگ ہین جو پاک بنتے ہین پس ہمنے لوط کو

وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ڮ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝ وَ

اور اُنکے بال بچون کو نجات دی سوائے اُنکی زوجہ کے کہ وہ پیچھے رہجانیوالون مین تھی اور

اَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۭ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

اُنپر ہمنے پتھرون کا مینہ برسایا پس غور کرو کہ مجرمون کا انجام

ع ۱۰ ۱۲ ۱۷ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۭ قَالَ

کیا ہوا اور مدین مین ہمنے اُنکے بھائی شعیب کو بھیجا اُنہون نے کہا

يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ قَدْ

کہ اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو جسکے سوا تمہارا کوئی معبود نہین ہے تمہارے

جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَوْفُوا الْكَيْلَ

رب کے پاس سے تمہارے پاس کھلی دلیل آچکی ہے تو اب پیمانہ اور ترازو

نام اُنکے جد امجد کے نام پر تھا اور یہی نام اُنہون نے اپنے شہر کا رکھا تفسیر قمی مین ہے کہ خدا تعالے نے حضرت شعیب کو مدین مین نبی بنا کر بھیجا اور یہ شام کے راستے پر ایک

وَالْمِيزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ
پورے رکھو اور لوگون کو اُنکی چیزین کم نہ دو
وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا
اور بعد اصلاح ہوجانے کے زمین مین فساد مت پھیلاؤ
ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ○
یہ بات تمھارے لئے بہت ہی اچھی ہے اگر تم مومن ہو
وَلَا تَقْعُدُوا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوعِدُونَ وَ
اور ہر راستہ مین اس غرض سے نہ بیٹھو کہ لوگون کو ڈراؤ اور
تَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ مَنْ آمَنَ بِهِ وَ
جو اللہ پر ایمان لائین اُنکو راہ خدا سے باز رکھو اور اسکی
تَبْغُونَهَا عِوَجًا وَاذْكُرُوا إِذْ كُنتُمْ
کجی کے خواستگار ہو اور اسکو یاد رکھو کہ تم تھوڑے سے
قَلِيلًا فَكَثَّرَكُمْ وَانظُرُوا كَيْفَ
تھے خدا نے تمکو بڑھا دیا ہے اور غور کرو کہ فساد کرنیوالون
كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِينَ ○ وَإِن كَانَ
کا انجام کیا ہوتا رہا ہے اور اگر تم مین
طَائِفَةٌ مِّنكُمْ آمَنُوا بِالَّذِي أُرْسِلْتُ
سے ایک گروہ اس حکم پر جسکے ساتھ مین بھیجا گیا ہون
بِهِ وَطَائِفَةٌ لَّمْ يُؤْمِنُوا فَاصْبِرُوا حَتَّىٰ
ایمان لے آیا اور ایک گروہ ایمان نہ لایا تو صبر کرو جبتک کہ خدا
يَحْكُمَ اللَّهُ بَيْنَنَا وَهُوَ خَيْرُ الْحَاكِمِينَ ○
ہمارے مابین فیصلہ نہ فرمادے اور وہ سب سے اچھا فیصلہ فرمانیوالا ہے